خبر منظر

سلیل نقاش

آندھرا پردیش کی اعلیٰ تعلیم کے کمشنر کے۔ لکشمی نارائن کو ۲۰ فروری کو گلوبل ایڈووکیسی انعام کے لئے منتخب کیا گیا۔ یہ انعام بین الاقوامی تنظیم ایجوکیٹر، ''ٹیچرز آف انگلش'' کی جانب سے دوسری زبانیں بولنے والوں کو دیا جاتا ہے۔ ان کو یہ انعام اُن کے دوسالہ پروجیکٹ کے اعتراف میں دیا گیا ہے جس کے تحت امریکی وزارت کی کفالت میں چلنے والے انگلش لکچرز ترجمتی پروگرام کو پولی ٹیکنیک، جونیئر کالجوں اور ریاست کے تعلیمی ٹی وی چینلوں تک پہنچایا گیا تھا۔ تصویر میں کمشنر موصوف کو حیدرآباد کے گورنمنٹ ڈگری کالج برائے نسواں میں جنوری میں منعقدہ تدریسی ورکشاپ میں دیکھا جاسکتا ہے۔

فروری کی ایک دوپہر دہلی میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایک گوشے کو امریکہ کی دیہی زندگی کا رنگ وروپ بخشنے کے لئے طلبہ اور امریکی سفارت کاروں کی ایک اجتماعی کوشش کو کافی پسند کیا گیا۔ طلبہ اور جامعہ کے اساتذہ نے امریکہ کے کاؤبوائے زندگی کا مشاہدہ کیا اور جامعہ کے ان آٹھ طلبہ کے ذاتی تجربات ملاحظہ کئے جنہوں نے امریکہ کی دیہی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کی تھی۔ پروگرام کا اختتام امریکی راک میوزک کی پیشکش پر ہوا۔ اس پروگرام کا اہتمام اسپین میگزین نے امریکن سنٹر اور جامعہ کلچرل کمیٹی کے تعاون سے کیا تھا۔

زیر نظر تصویر میں شعبہ انگریزی کی طالبات (بائیں سے) بتول نقوی، ہدیٰ فریدی اور تابش ظفر کو محو گفتگو دیکھا جا سکتا ہے۔

آنند پاٹل

آکسفورڈ بکس نے الی نوائے میں واقع یونیورسٹی آف شکاگو کے پروفیسر ایمریٹس، سوزین اور لائڈ آئی. روڈولف کے کارنامۂ حیات کا جشن منایا۔ اس موقع پر ۲۴ جنوری کو تین جلدوں پر مبنی ہندوستانی سیاست پر، اُن کی مایہ ناز کتاب کا اجراء عمل میں آیا۔ یہ کتاب، ہندوستان میں گزارے گئے ماہ وسال کے تجربات کا حاصل ہے۔ ''ہندوستانی جمہوریت کی وضاحت: پچاس سالہ تناظر میں، ۲۰۰۶۔۱۹۵۶ دراصل ایک مجموعہ مضامین ہے جو سیاست، تاریخ اور سماجیات کے میدان میں تحقیق وجستجو کرنے والوں اور طلبہ کے لئے انتہائی مفید ہے۔ دونوں زن وشو اپنا وقت جے پور، کیلی فورنیا اور نیویارک میں گزارتے ہیں۔

ہیڈ ری ایلف



ہیمنت چوہدری

امریکن سنٹر نئی دہلی میں گذشتہ فروری، امریکی بڑی مناظر پر سنی ویل، کیلی فورنیا کے اجیت گوکھلے کے تصویری شاہکاروں کی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ اُن کے بقول ''میرے خیال میں ایک فلم، ڈیجیٹل کے مقابلے میں زیادہ تصویری معلومات مہیا کرتی ہے۔'' وہ دستی فوکس کیمروں، عدسوں اور رنگین سلائڈ فلموں کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ ان کی تصویریں ڈیجیٹل طور پر طبع ہوتی ہیں۔